# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیرِ اہتمام منعقدہ امتحان سیکنڈری سکول سالانہ 2018ء کے نتائج کا اعلان مورخہ 21-07-2018 کو ہو چکا ہے۔ ریگولر امیدواران کے مفاد کے پیش نظران کے رزلٹ کارڈز امسال بذریعہ رجسٹرڈ پارسل ادارہ سربراہان کو ترسیل کیے جا رہے ہیں۔ جو کہ امیدواران تک پہنچانا ادارہ سربراہان کی ذمہ داری ہوگی۔ تاہم ادارہ سربراہان کو ان کے (User ID Password) پر بھی حسب سابق رزلٹ کارڈز اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں۔ اور متعلقہ ادارہ جات کو ان کے (User ID Password) پر بھی حسب سابق ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔ جبکہ پرائیویٹ اُمیدواران کے رزلٹ کارڈز ان کے داخلہ فارم پر دیئے گئے گھریلو پتہ پر بذریعہ رجسٹری ارسال کر دیئے گئے ہیں۔

ایسے اُمیدواران جنہوں نے اعتراضاتی مراسلہ جات کا جواب نہیں دیا یا جن کے ذمہ فیس کے بقایا جات واجب الادا ہیں۔ ان کے رزلٹ کارڈز دفتر ہذا میں روک لیے گئے ہیں۔ وہ اعتراضات دور کروا کر یا بقایا جات کی جلد از جلد ادائیگی کر کے اپنے رزلٹ کارڈز حاصل کر سکتے ہیں۔

امتحان سیکنڈری سکول سپلیمنٹری 2018ء مورخہ 08-09-2018 بروز ہفتہ سے شروع ہوگا۔ فیل شدہ اُمیدواران جو امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں۔ درج ذیل شیڈول کے مطابق اپنے داخلہ فارم جمع کرواسکتے ہیں۔ داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.bisegrw.com سے ڈاؤن لوڈ کر کے مکمل تیار کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی حبیب بنک کی مقرر کردہ برانچوں میں جمع کروانا ہوگی۔ نیز داخلہ فارم کی قیمت بھی مبلغ =/100 روپے ہر صورت داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | سنگل فیس کے ساتھ آخری تاریخ | 06-08-2018 |
| 2۔ | ڈبل فیس کے ساتھ آخری تاریخ | 13-08-2018 |
| 3۔ | تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ | 20-08-2018 |

درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

**نوٹ:** واضح رہے کہ حسبِ قواعد فیس اور داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بنک کی مقرر کردہ برانچوں میں فارم جمع کروا کر بنک سے وصولی کی رسید حاصل کرنا لازمی ہوگی۔ مذکورہ بالا شیڈول کے بعد وصول ہونے والے داخلہ فارم مسترد کر دیئے جائیں گے جس کی تمام تر ذمہ داری اُمیدوار پر ہوگی۔

**ناصر محمود اعوان**

**کنٹرولر امتحانات**